سوال

حدیث (الاخلاص سر من سری) کی صحت

جواب

الحمد للہ

یہ حدیث بہت ہی زیادہ ضعیف ہے یا پھر موضوع ہے ۔

اسے قزوینی نے اپنی "مسلسلات" میں روایت کیا ہے ، حافظ عراقی نے "تخریج احیاء علوم الدین" (365/4) میں کہا ہے کہ :

حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت سے قزوینی نے اپنی مسلسلات میں روایت کیا ہے اور اس کی سند میں احمد بن عطاء الھجیمی اور عبدالواحد بن زید یہ دونوں راوی متروک ہیں ۔

اور دیلمی نے علی اور ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہم سے "مسند الفردوس" (187/3) میں روایت کیا ہے ۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی نے اس کے متعلق فتح الباری (109/4) میں حدیث واہ جدا کہا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .